صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 5 مئی 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

جمعرات 5 مئی 2016ء 27 رجب 1437 ہجری 5 ہجرت 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 102

ظلم سے بچنے کی دعائے عبرت

اصحابِ اعراف (یعنی کامل مومن) جب جنت کے بعد جہنم کا نظارہ کریں گے تو معاً یہ دعا پڑھیں گے۔

اے ہمارے رب! ہمیں ظالم قوم میں سے مت بنائیو۔

(الاعراف:48)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بہتر وقت دعا کا یہی ہے کہ ایسے وقت میں دعا ہو جب اسباب یاس اور نومیدی بکلی ظاہر نہ ہوں اور ایسی علامات نمودار نہ ہوں جن سے صاف طور پر نظر آتا ہو کہ اب بلا دروازہ پر ہے اور ایک طور پر اس کا نزول ہو چکا ہے۔ کیونکہ اکثر سنت اللہ یہی ہے کہ جب خدا تعالیٰ نے ایک عذاب کے نازل کرنے میں اپنے ارادہ کو ظاہر کر دیا تو وہ اپنے ارادہ کو واپس نہیں لیتا۔

یہ بالکل سچ ہے کہ مقبولین کی اکثر دعائیں منظور ہوتی ہیں بلکہ بڑا معجزہ ان کا استجابت دعا ہی ہے۔ جب ان کے دلوں میں کسی مصیبت کے وقت شدت سے بیقراری ہوتی ہے اور اس شدید بیقراری کی حالت میں وہ اپنے خدا کی طرف توجہ کرتے ہیں تو خدا ان کی سنتا ہے۔ اور اس وقت ان کا ہاتھ گویا خدا کا ہاتھ ہوتا ہے۔ خدا ایک مخفی خزانہ کی طرح ہے۔ کامل مقبولوں کے ذریعہ سے وہ اپنا چہرہ دکھلاتا ہے۔ خدا کے نشان تبھی ظاہر ہوتے ہیں جب اس کے مقبول ستائے جاتے ہیں۔ اور جب حد سے زیادہ ان کو دکھ دیا جاتا ہے تو سمجھو کہ خدا کا نشان نزدیک ہے بلکہ دروازہ پر۔ کیونکہ یہ وہ قوم ہے کہ کوئی اپنے پیارے بیٹے سے ایسی محبت نہیں کرے گا جیسا کہ خدا ان لوگوں سے کرتا ہے جو دل و جان سے اس کے ہو جاتے ہیں۔ وہ ان کے لئے عجائب کام دکھلاتا ہے اور ایسی اپنی قوت دکھلاتا ہے کہ جیسا ایک سوتا ہوا شیر جاگ اٹھتا ہے۔ خدا مخفی ہے اور اس کے ظاہر کرنے والے یہی لوگ ہیں۔ وہ ہزاروں پردوں کے اندر ہے اور اس کا چہرہ دکھلانے والی یہی قوم ہے۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ یہ خیال کہ مقبولین کی ہر ایک دعا قبول ہو جاتی ہے یہ سراسر غلط ہے بلکہ حق بات یہ ہے کہ مقبولین کے ساتھ خدا تعالیٰ کا دوستانہ معاملہ ہے۔ کبھی وہ ان کی دعائیں قبول کر لیتا ہے اور کبھی وہ اپنی مشیت ان سے منوانا چاہتا ہے جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ دوستی میں ایسا ہی ہوتا ہے۔ بعض وقت ایک دوست اپنے دوست کی بات کو مانتا ہے اور اس کی مرضی کے موافق کام کرتا ہے۔ اور پھر دوسرا وقت ایسا بھی آتا ہے کہ اپنی بات اس سے منوانا چاہتا ہے۔

(الفضل 15۔اپریل 2009)

ہفتہ تعلیم القرآن

سال 2016ء کا دوسرا ہفتہ تعلیم القرآن مورخہ 13 تا 19 مئی 2016ء کو منایا جا رہا ہے۔ تمام امراء، صدران وسیکرٹریان تعلیم القرآن سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی جماعتوں میں حسب پروگرام ہفتہ تعلیم القرآن منائیں۔ ہفتہ قرآن کا مختصر پروگرام درج ذیل ہے۔ مقامی حالات کے مطابق اس میں بہتر تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

☆ دوران ہفتہ نماز تہجد سے آغاز اور نماز باجماعت کے قیام کو یقینی بنایا جائے، ہر فرد جماعت روزانہ کم ازکم دو رکوع تلاوت کر کے ترجمہ بھی پڑھے۔

☆ دوران ہفتہ عہدیداران (خصوصاً سیکرٹری تعلیم القرآن) گھروں کا دورہ کر کے احباب جماعت کا جائزہ لیں کہ ہر فرد جماعت روزانہ تلاوت قرآن کریم کرے خصوصاً کمزور اور سست افراد سے رابطہ کر کے روزانہ تلاوت کی اہمیت کی طرف توجہ دلائیں۔

☆ سیکرٹری تعلیم القرآن اس امر کا جائزہ لیں کہ آپ کی جماعت میں جو ابھی تک ناظرہ قرآن نہیں جانتے ان کو قرآن کریم پڑھانے کا فوری انتظام کریں۔ ناظرہ نہ جاننے والوں کی ایک معین فہرست تیار کر کے ان کو مستقل بنیادوں پر قرآن کریم پڑھانا شروع کریں۔

☆ ناظرہ قرآن اور ترجمہ قرآن کلاسز کا جائزہ لیں، اس میں بھرپور حاضری کی کوشش کریں، اگر کلاسز نہیں ہو رہیں تو دورانِ ہفتہ جاری کریں۔

☆ دورانِ ہفتہ ایک اجلاس عام منعقد کرائیں جس میں فضائل و برکاتِ قرآن کا تذکرہ ہو، اس میں ذیلی تنظیموں کے ممبران کو بھی شامل کریں۔ نیز مقابلہ تلاوت، مقابلہ حفظ قرآن اور مقابلہ نظم (از منظوم کلام حضرت مسیح موعود بابت قرآن کریم) کے پروگرام بنائیں۔ نیز دورانِ ہفتہ فضائل قرآن کے بارے میں درس دیئے جائیں۔

☆ ہفتہ قرآن پر عمل کر کے اس کی رپورٹ ماہانہ رپورٹ تعلیم القرآن ماہ مئی 2016ء کے ہمراہ ارسال کریں۔

(ایڈیشنل ناظر تعلیم القرآن ووقف عارضی)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

خطبہ جمعہ 11 مارچ 2016ء

س: شیطان کی انسان کے ساتھ دشمنی کے حوالہ سے کیابیان ہوا ہے؟

ج: فرمایا! شیطان انسان کا ازل سے دشمن ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ یہ اس لئے نہیں کہ اس میں ہمیشہ رہنے کی کوئی طاقت ہے بلکہ اس لئے کہ انسان کے پیدا ہونے پر اللہ تعالیٰ نے اسے یہ اختیار دیا تھا کہ وہ آزاد ہے۔ شیطان کی یہ دشمنی کوئی کھلی دشمنی نہیں ہے کہ سامنے آ کر لڑ رہا ہے بلکہ وہ مختلف حیلوں بہانوں سے مکر و فریب سے دنیاوی لالچوں کے ذریعہ سے انسان کی اناؤں کو ابھارتے ہوئے انسانوں کو نیکیوں سے دور لے جاتا ہے اور برائیوں کے قریب کرتا ہے۔ شیطان نے خدا تعالیٰ کو کہا تھا کہ جس فطرت کے ساتھ تو نے انسان کو پیدا کیا ہے جس طرح اس کی فطرت یہ ہے کہ دونوں طرف مڑ سکتا ہے اس کو میں اپنے پیچھے چلاؤں گا کیونکہ برائیوں کی طرف اس کا زیادہ رخ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے اجازت دے دی اور ساتھ یہ بھی فرما دیا کہ جو تیرے پیچھے چلنے والے ہوں گے انہیں میں جہنم میں ڈالوں گا لیکن ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء کے بھیجنے کے نظام کو جاری کر کے انسانوں کو نیکیوں کے راستے بھی بتائے۔ یہ بھی واضح کیا کہ شیطان تمہارا کھلا کھلا دشمن ہے وہ ہمدردی کے لبادے میں تمہیں بہتری اور فائدے نہیں بلکہ برائی اور نقصان کی طرف بلا رہا ہے اور جب وقت آئے گا کہ انسان کا حساب کتاب ہو تو بڑے آرام سے بڑی ڈھٹائی سے کہہ دے گا کہ میں نے تمہیں برائی کی طرف لالچ کی طرف گناہوں کے کرنے کی طرف اللہ تعالیٰ کے حکموں کے خلاف چلنے کی طرف بلایا تھا لیکن تم تو عقل رکھنے والے انسان تھے۔ تم نے کیوں نہیں اپنی عقل استعمال کی۔ پس اب اپنے کئے کی سزا بھگتو۔ میرا اب تم سے کوئی تعلق نہیں۔ میرا مقصد تم سے دشمنی کرنا تھا وہ میں نے کر لی اب جہنم کی آگ میں جلو۔ پس اس طرح شیطان انسان سے دشمنی کرتا ہے۔

س: اللہ تعالیٰ کا خالص بندہ کس طرح بنا جا سکتا ہے؟

ج: فرمایا! خالص بندے بننے کیلئے اللہ تعالیٰ نے ایک نسخہ بتایا کہ فحشاء اور منکر سے یعنی ہر ایسی بات سے اپنے آپ کو بچاؤ جو بیہودہ اور لغو ہے جو خدا تعالیٰ کو ناپسند ہے اور جو فحشاء اور منکر سے بچے گا اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کا تزکیہ کرے گی۔

س: شیطان انسان پر کس طرح حملہ کرتا ہے؟

ج: فرمایا! یہ بات بھی ہمیں یاد رکھنی چاہئے کہ شیطان کا حملہ ایک دم نہیں ہوتا۔ وہ آہستہ آہستہ حملہ کرتا ہے۔ کوئی چھوٹی سی برائی انسان کے دل میں ڈال کر یہ خیال پیدا کر دیتا ہے کہ اس چھوٹی سی برائی سے کیا فرق پڑتا ہے۔ یہ کون سا بڑا گناہ ہے۔ پھر یہ چھوٹی چھوٹی برائیاں بڑے گناہوں کی تحریک کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔ ضروری نہیں کہ ڈاکہ اور قتل ہی بڑے گناہ ہیں کوئی بھی برائی جب معاشرے کا امن وسکون برباد کرے وہ بڑی برائی بن جاتی ہے۔ انسان کو یہ احساس مٹ جاتا ہے کہ وہ کیا کر رہا ہے۔

س: ہر انسان کے لئے کون سی دو جاذب موجود ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ یہ بات ہر ایک کو ماننی پڑتی ہے کہ ہر ایک انسان کے لئے دو جاذب موجود ہیں یعنی کھینچنے والی چیزیں دو موجود ہیں۔ ایک جاذب خیر ہے جو نیکی کی طرف اس کو کھینچتا ہے۔ دوسرا جاذب شر ہے جو بدی کی طرف کھینچتا ہے جیسا کہ یہ امر مشہود و محسوس ہے کہ بسا اوقات انسان کے دل میں بدی کے خیالات پڑتے ہیں اور اس وقت وہ ایسا بدی کی طرف مائل ہوتا ہے کہ گویا اس کو کوئی بدی کی طرف کھینچ رہا ہے اور پھر بعض اوقات نیکی کے خیالات اس کے دل میں پڑتے ہیں اور اس وقت وہ ایسا نیکی کی طرف مائل ہوتا ہے کہ گویا کوئی اس کو نیکی کی طرف کھینچ رہا ہے۔ سو یہ دونوں قسم کی قوتیں ہر ایک انسان میں پائی جاتی ہیں قرآن کریم نے نیکی کی قوت کا نام لمہ ملک رکھا ہے اور بدی کی قوت کو لمہ شیطان سے موسوم کیا ہے۔

س: اللہ تعالیٰ شیطان کو سزا کیوں نہیں دیتا؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں! یہ کہ خدا شیطان کو کیوں سزا نہیں دیتا۔ اس کا جواب یہی ہے کہ شیطان کو سزا دینے کے لئے قرآن شریف میں وعدہ کا دن مقرر ہے پس اس وعدہ کے دن کا منتظر رہنا چاہئے۔ کئی شیطان خدا کے ہاتھ سے سزا پا چکے اور کئی پائیں گے۔

س: شیطانی دعوتوں کے بالمقابل اللہ تعالیٰ نے کون سے اخلاق فاضلہ رکھے ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں یہ کہ شیطان جھوٹ، ظلم، جذبات، خون، طول اَمل، ریاء اور تکبر کی طرف بلاتا ہے اور دعوت کرتا ہے اس کے بالمقابل اخلاق فاضلہ یہ ہیں محویت، فنا فی اللہ، اخلاص، ایمان، فلاح یہ اللہ تعالیٰ کی دعوتیں ہیں۔

س: کون سے لوگ ضائع نہیں ہوتے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ متکبر آدمی خواہ مخواہ اپنے لئے اس چیز کے دعوے کے واسطے تیار ہو جاتا ہے جو اس کے پاس ہے ہی نہیں۔ کبریائی خدا کے واسطے ہے۔ جو لوگ تکبر نہیں کرتے اور انکساری سے کام لیتے ہیں وہ ضائع نہیں ہوتے۔ پس تکبر سے بچو۔

س: شیطان کن حیلوں سے انسان کو اپنے قابو میں کرتا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اگر انسان کے افعال سے گناہ دور ہو جاوے یعنی کوئی کام ایسا نہ کرے جو گناہ والا ہے تو شیطان چاہتا ہے کہ آنکھ، کان، ناک تک ہی رہے۔ جب وہاں بھی اسے قابو نہیں ملتا تو پھر وہ یہاں تک کوشش کرتا ہے کہ اور نہیں تو دل ہی میں بنا رہے۔ لیکن شیطان یہ کوشش پھر بھی کرتا ہے کہ کسی نہ کسی ذریعہ سے اس کو اس کے اندر گناہ کا بیج رکھے اور اس کے دل میں بیٹھ جائے فرمایا کہ گویا شیطان اپنی لڑائی کو اختتام تک پہنچاتا ہے مگر جس دل میں خدا کا خوف ہے وہاں شیطان کی حکومت نہیں چل سکتی۔

س: خوف خدا رکھنے والوں کی بابت خطبہ جمعہ میں کیا بیان ہوا؟

ج: فرمایا! پس اصل چیز یہی ہے کہ خدا کا خوف انسان کے دل میں رہے۔ خدا کا خوف ہوگا تو بہت ساری برائیوں سے انسان پھر بچتا ہے۔ ایک چور بھی چوری کرتا ہے۔ اگر اس کو یہ پتا لگ جائے کہ اس کو کوئی بچہ بھی دیکھ رہا ہے تو اس بچہ کا بھی خوف ہوتا ہے اسے۔ پس جب تک یہ ہمارے دلوں میں نہیں ہوگا کہ ہم کوئی بھی عمل کرتے ہوئے یہ ذہن میں رکھیں کہ خدا ہمارے ہر عمل کو دیکھ رہا ہے تو اس وقت تک انسان گناہوں سے نہیں بچ سکتا۔

س: اللہ تعالیٰ نے سورۃ الناس میں کن تین وساوس کا ذکر فرمایا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ سورۃ الناس میں شیطان کے ان وساوس کا ذکر ہے جو کہ وہ لوگوں کے درمیان ان دنوں ڈال رہا ہے۔ ایک بڑا وسوسہ یہ ہے کہ ربوبیت کے متعلق غلطیاں ڈالی جائیں جیسا کہ امیر لوگوں کے پاس بہت مال و دولت دیکھ کر انسان کہے کہ یہی پرورش کرنے والے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس واسطے حقیقی رب الناس کی پناہ چاہنے کے واسطے اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ یہ دعا کرو کہ میں حقیقی رب الناس جو ہے اس کی پناہ میں رہوں۔ پھر دنیاوی بادشاہوں اور حاکموں کو انسان مختار مطلق کہنے لگ جاتا ہے۔ اس پر فرمایا کہ مالک الناس۔ اللہ ہی ہے۔ پھر لوگوں کے وساوس کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ مخلوق کو خدا کے برابر ماننے لگ پڑتے ہیں اور ان سے خوف اور رجاء رکھتے ہیں۔ اس واسطے الٰہ الناس فرمایا۔ تمہارا معبود اللہ تعالیٰ ہے۔

س: حضور انور نے احباب جماعت کو کس اہم امر کی طرف توجہ دلائی؟

ج: فرمایا! یہ دنیا کی جو چکا چوند ہے آجکل جو نئی ایجادات ہیں یا آجکل کی جو تعلیم کے بہانے سے اللہ تعالیٰ سے دوری اور مذہب سے دوری کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے اور اس میں حکومتیں بھی شامل ہیں بڑی بڑی تنظیمیں بھی شامل ہیں۔ پس جہاں وہ دین سے ہٹانے کی کوشش کریں وہاں ہر ایک کو سمجھ لینا چاہئے ہر احمدی کو سمجھ لینا چاہئے ہر مومن کو سمجھ لینا چاہئے کہ یہاں شیطان کا حملہ ہم پر ہونے والا ہے اور یہ دجالی قوتیں ہیں جو ہم پر حملہ کر رہی ہیں۔

س: حضرت مسیح موعود نے لوگوں کی کتنی اقسام بیان فرمائی ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ دیکھو دو قسم کے لوگ ہوتے ہیں ایک تو وہ جو دین حق قبول کر کے دنیا کے کاروبار اور تجارتوں میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ شیطان ان کے سر پر سوار ہو جاتا ہے۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ تجارت کرنی منع ہے۔ نہیں۔ میرا مطلب اس سے صرف یہ ہے کہ جو صرف دنیا ہی کے بندے اور غلام ہو جاتے ہیں گویا دنیا کے پرستار ہو جاتے ہیں ایسے لوگوں پر شیطان اپنا غلبہ اور قابو پا لیتا ہے۔ دوسرے وہ لوگ ہوتے ہیں جو دین کی ترقی کی فکر میں ہو جاتے ہیں یہ وہ گروہ ہوتا ہے جو حزب اللہ کہلاتا ہے اور جو شیطان اور اس کے لشکر پر فتح پاتا ہے۔

س: حضور انور نے خطبہ جمعہ کے آخر پر کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کا بننے کی کوشش کریں۔ تمام فحشاء اور منکر سے بچیں تمام قسم کی برائیوں سے بچیں ہر قسم کے تکبر سے بچیں اپنے نفس کے تزکیہ کی کوشش کرتے رہیں تا کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث بنیں۔ ہمیشہ ہماری نظر خدا تعالیٰ پر ہو اور وہی ہمارا رب رہے ہمیشہ اسی کی مالکیت ہمارے دلوں پر قبضہ جمائے رکھے وہی ہمارا معبود رہے اور اس کو ہم ہمیشہ پکارنے والے بنے رہیں اور شیطان کے قدموں پر چلنے سے بچتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

☆......☆......☆......☆

دس سال بعد بیٹا ہوا

مکرم شیر محمد صاحب کی بیگم صاحبہ اپنی بیٹی بشریٰ پروین کی معجزانہ شفایابی اور حضور کی دعاؤں سے صاحب اولاد ہونے کے متعلق تحریر کرتی ہیں:

’’میری بیٹی بشریٰ پروین پولیو کے جان لیوا مرض میں مبتلا ہوگئی حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے علاج اور دعاؤں کی بدولت میری بیٹی خدا کے فضل سے بالکل ٹھیک ہوگئی۔ پھر اس کی شادی ہوگئی ڈاکٹروں نے کہہ دیا کہ اس کے اولاد نہ ہوگی مگر خدا کا فضل شامل حال ہوا اور یہ بابرکت دعائیں کرنے والا وجود ہو تو پھر کوئی غم نہیں پیارے آقا کی دعاؤں اور علاج سے اللہ نے دس سال بعد بیٹے سے نوازا۔ جب بھی کبھی بشریٰ حضور سے ملاقات کے لئے جاتی تو حضور اس وقت کو ضرور یاد کرتے کہ جب میری بیٹی وہیل چیئر پر پیارے آقا سے دوائی لینے گئی تھی‘‘

(الفضل 24 مئی 2004ء)

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

1916ء میں وفات پانے والے چند رفقاء احمد

وبزرگان سلسلہ جنہوں نے خدمت دین کے معیار قائم کئے

(قسط اول)

حیات وممات کا سلسلہ ابتدائے آفرینش سے جاری ہے اور ہر سال ہزاروں افراد ملک عدم کے راہی ہو جاتے ہیں لیکن کچھ ہستیاں اپنے عظیم کارناموں کی وجہ سے ہمیشہ یاد رکھی جاتی ہیں۔ آج سے ٹھیک سو سال قبل 1916ء میں وفات پانے والے چند رفقاء احمد و بزرگان سلسلہ کا ذکر خیر ذیل میں کیا جاتا ہے۔

حضرت سید عبدالرحیم صاحب۔ سونگھڑہ کٹک

حضرت مولوی سید عبدالرحیم صاحب سکونت دریا پوری ثم سونگھڑہ (اڑیسہ۔ انڈیا) ایک علمی شخصیت تھے۔ آپ حیدرآباد دکن میں نزیل تھے جہاں آپ کو احمدیت کا تعارف ہوا اور حضرت اقدس کی کتاب ...... سے متاثر ہوکر داخل احمدیت ہوئے، آپ کے بیٹے سید عبدالحکیم صاحب کٹکی بیان کرتے ہیں:

’’....آپ حضرت مولانا میر محمد سعید صاحب کے گھر فروکش ہوئے ......رات نماز عشاء کے بعد حضرت مولوی محمد سعید صاحب نے مضمون پڑھ کر سنانا شروع کیا، حضرت میر صاحب نے مجھ سے فرمایا کہ شروع میں تو مولوی صاحب (میرے والد مرحوم) کچھ کچھ لڑتے جھگڑتے رہے جلد اول کے ختم ہوتے ہی چپ ہوگئے اور پھر زار زار رونے لگے خصوصاً اس شعر پر۔

بعد از خدا بعشقِ محمد مخمرم
گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم

حضرت میر صاحب قبلہ فرماتے تھے کہ کتاب ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ مولوی صاحب لیٹے لیٹے اٹھ بیٹھے اور مجھے کہتے کہ مولوی صاحب اب دیر کیا ہے حق ظاہر ہوگیا‘‘۔

(الحکم 28 مئی و7 جون 1939ء)

آپ نے اندازاً 1898ء میں بیعت کی۔ بیعت کے بعد سلسلہ احمدیہ کو پھیلانے میں کوشاں رہے۔ آپ اپنی نیکی، تقویٰ وعلمیت کی وجہ سے اپنے علاقہ میں نہایت قابل احترام سمجھے جاتے تھے چنانچہ بیعت کے بعد جب آپ اپنے وطن سونگھڑہ گئے تو اہل سونگھڑہ جوق در جوق آپ کی زیارت و ملاقات کے لیے آئے، آپ نے حضرت مسیح موعود کے دعویٰ اور اپنی بیعت سے انہیں آگاہ کیا۔ سونگھڑہ کے ایک بزرگ حضرت سید نیاز حسین صاحب (ولادت: 1844ء۔ بیعت: 1900ء۔ وفات: 12 ستمبر 1919ء) جو اس ملاقات میں شامل نہ تھے، انہیں جب بتایا گیا تو انہوں نے برملا کہا:

’’اگر عبدالرحیم کہتا ہے تو ضرور سچا ہوگا‘‘

(بدر قادیان 19 مارچ 2015ء صفحہ 29)

آپ کی دعوت الی اللہ کے نتیجے میں بہت سی سعید روحوں کو قبول احمدیت کی توفیق ملی، ایک مرتبہ آپ نے حضرت اقدس کی خدمت میں درج ذیل عریضہ بھجوایا:

’’حاضر الوقت بندہ اثیم سید عبدالرحیم کٹکی نزیل حیدرآباد

حضرت اقدس مسیح موعود کی بابرکت خدمت میں بعد سلام عرض ہے کہ رمضان کی جمعہ اولیٰ میں ان لوگوں نے بطیب نفس اس عاجز کی تقریر پر بیعت کے لیے آمادگی ظاہر کی، اگرچہ اس عاجز کی تحریک پر اہل چٹوہہ ضلع حیدرآباد دکن کے 71 ......شرف بیعت سے مشرف ہوئے مگر یہاں کے لوگوں کے دلی جوش ومسرت کا اظہار احاطہ بیان سے باہر ہے، اکثر لوگ احوال حضرت اقدس سن کر زار زار روتے ہیں اور ملاقات کے لیے ایک تڑپ ان میں پائی جاتی ہے، غالباً چند آدمی عرصہ قریب میں شرف ملازمت ومکالمت سے بہرہ اندوز ہوں گے۔ یقیناً یہ جوش حضرت اقدس کی توجہ ودعا کا ثمرہ ہے۔ آئندہ جمعہ میں دوسرے محلوں کے لوگ جس قدر بیعت کے لیے مستعد ہوں گے اس کی ایک علیحدہ فہرست پیش خدمت ہوگی، ان لوگوں کی کمال آرزو ہے کہ قبول بیعت کا مژدہ زبان مبارک سے سنیں۔ حضرت کی بندہ نوازی وکریمانہ اوصاف سے یہی امید قوی ہے۔

حضرت کا خادم اثیم سید عبدالرحیم

ضلع کٹک بنگال پوسٹ آفس صالح پور موضع کوبھی‘‘ (الحکم 31 جنوری 1900ء صفحہ 6)

ساتھ ہی چار سو سے زائد افراد کے نام اقرار نامہ بیعت کے تحت درج ہیں۔

آپ نے 12 جنوری 1916ء کو وفات پائی اور محلہ کوبھی سونگھڑہ مشترکہ قبرستان میں مدفون ہوئے، اخبار الفضل نے خبر وفات دیتے ہوئے لکھا:

’’حضرت مسیح زمان مہدی دوران کا مخلص مرید مولوی سید عبدالرحیم صاحب جو کہ بہت عرصہ سے عارضہ ذیابیطس میں مبتلا تھے، بارہویں تاریخ چہار شنبہ اس جہان فانی سے انتقال فرما گئے۔ مرحوم کی مساعی جمیلہ اڑیسہ میں (دعوت الی اللہ) احمدیت خوب زور سے ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے پاک روحوں کو اس سلسلہ حقہ کی طرف کھینچا۔ مرحوم کو احمد ...... سے اس قدر محبت تھی کہ ہر لحظہ وہر لحہ ان کا ذکر ان کے سلسلہ کی (دعوت الی اللہ) کا ذہن رہتا۔ احباب جنازہ غائب پڑھیں۔‘‘

(الفضل 26 جنوری 1916ء صفحہ 2 کالم 1)

(نوٹ: احمدیت کی تاریخ میں ایک اور رفیق بھی حضرت مولوی عبدالرحیم کٹکی کے نام سے معروف ہیں جن کا اصل نام مولوی عبدالرحمٰن تھا اور وہ چک اندورہ کشمیر کے رہنے والے تھے۔ انہوں نے 98-1897ء میں حضرت خان بہادر غلام محمد خان صاحب گلگتی کے ذریعے گلگت سے بیعت کی۔ 1917ء میں ہجرت کر کے اڑیسہ تشریف لے گئے اور کیرنگ کو اپنا مرکز بنایا (شاید اسی وجہ سے کٹکی مشہور ہوگئے۔ ناقل) 11/جون 1944ء کو وفات پائی۔ آپ مشہور واعظ تھے۔ آپ کے ایک بیٹے مکرم پروفیسر نظیر الاسلام صاحب تھے۔)

حضرت چوہدری مولا بخش بھٹی صاحب چونڈہ ضلع سیالکوٹ

حضرت چوہدری مولا بخش بھٹی صاحب ولد محترم چوہدری امیر بخش صاحب قوم راجپوت بھٹی چونڈہ ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ آپ 1865ء میں پیدا ہوئے اور 28/ستمبر 1900ء کو حضرت اقدس مسیح موعود کے دست مبارک پر بیعت کر کے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔

حضرت سید ولی اللہ شاہ صاحب تحریر فرماتے ہیں:

’’والدم حضرت ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب سابقہ تحصیل رعیہ ضلع سیالکوٹ (حال تحصیل وضلع نارووال) کے شفاخانہ میں انچارج ڈاکٹر تھے، ......تحصیل کے افسران، تحصیلدار، نائب تحصیلدار، ناظر اور انچارج تھانہ سبھی حضرت والد صاحب کی بہت عزت کرتے......ان میں سے ایک ناظر حضرت والد صاحب کے بڑے عقیدت مند تھے لیکن ان کا اپنا حال یہ تھا کہ راگ وساز کے شیدائی اور ان کے لوازمات میں کھوئے ہوئے تھے۔ ایک دن ان کے بچوں سے ملنے ان کے ہاں گیا، ڈھولکی اور سارنگی کی آواز سن کر باہر کے ایک کمرے میں جھانکا، ساری مجلس مست ومگن تھی لیکن ناظر صاحب کچھ شرمائے، سیدوں کی بڑی قدر کرتے تھے۔ گانا بجانا تو کچھ دیر کے لیے بند ہوگیا اور مجھے اندرون خانہ بھجوا دیا......اب تک ان کی شکل نہیں بھولتی، بڑی بڑی مونچھیں اور داڑھی صاف۔ جب میں قادیان آیا تو ایک دن کیا دیکھتا ہوں کہ ایک صاحب سجدہ میں سرنگوں ہیں اور نامعلوم اپنے مولا سے کس قسم کے راز و نیاز کی کیفیت میں غائب، ان کے لمبے سجدوں اور طول طویل نماز کو دیکھ کر مجھے تعجب ہوا، چہرے پر داڑھی تھی میں پہچان نہ سکا۔ نماز سے فارغ ہونے پر انہوں نے مجھے خود ہی گلے لگایا اور بتایا کہ وہ وہی مولا بخش بھٹی ہیں جو رعیہ میں ناظر تھے اور جس کی شہرت جیسی تھی سب کو معلوم ہے اور مجھے ان سے معلوم ہوا کہ حضرت مسیح موعود کی کوئی کتاب غالباً ...... پڑھنے کے لئے والد صاحب نے انہیں دی اور جب وہ رعیہ سے تبدیل ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر بیعت کرنے کی توفیق بخشی۔‘‘

قبول احمدیت کے بعد اخلاص ووفا میں بہت ترقی کی، حضرت اقدس مسیح موعود کے عاشق، خلافت کے فدائی اور جماعت احمدیہ سیالکوٹ کے روح رواں تھے۔ حضرت مسیح موعود کا ’’لیکچر‘‘ 1904ء مفید عام پریس سیالکوٹ سے چھپوا کر شائع کیا۔ منارۃ المسیح کی تکمیل کے موقع پر آپ نے منارۃ المسیح کے عنوان کا کتبہ تیار کروا کر حضور کی خدمت میں پیش کیا اور درخواست کی کہ اس کتبہ کو منارۃ المسیح کی پیشانی پر سامنے کی طرف لگا کر انہیں ثواب کا موقعہ دیا جائے چنانچہ آج تک یہ کتبہ منارۃ المسیح پر نصب ہے۔

آپ باقاعدگی سے ہر سال جلسہ سالانہ میں شمولیت کی نیت سے قادیان تشریف لاتے، 1908ء کے جلسہ سالانہ کے وقت اپنی ملازمت کی بے حد مصروفیت کی وجہ سے آپ کو لگا کہ شاید آپ جلسہ سالانہ میں اس سال حاضری نہ دے سکیں چنانچہ اس موقع پر آپ نے حضرت مفتی محمد صادق صاحب ایڈیٹر اخبار ’’بدر‘‘ کے نام ایک خط تحریر فرمایا جس سے آپ کی خلافت، نظام سلسلہ، جلسہ سالانہ کے ساتھ محبت اور احمدی بھائیوں کے ساتھ اخوت کی جھلک نظر آتی ہے، آپ لکھتے ہیں:

’’اس سال میں ایک ایسی آسامی پر تبدیل کیا گیا ہوں جس جگہ ماہ دسمبر کی تعطیلات میں ہی اس قدر کام کرنا پڑتا ہے کہ دن رات میں بہ مشکل چند گھنٹے نیند کو پورا کرنے کے لئے ملتے ہیں اس لئے اس سال میری حاضری جلسہ پر بظاہر اُمشکل بلکہ ناممکن نظر آتی ہے۔ میں دعا میں لگا ہوا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے لئے شمولیت جلسہ کے لئے کوئی راہ نکال دے، ...... میں نے ارادہ کیا ہے کہ اگر خدانخواستہ میں شمولیت جلسہ سے بے نصیب رہ جاؤں تو میری غیر حاضری بھی میرے احمدی احباب کے لئے قابل تقلید ہو جاوے، سو میں آپ کے اخبار کے ذریعہ اس عرض کو مشتہر کرتا ہوں کہ میرے دارالامان حاضر ہونے پر جو خرچ ہوا کرتا ہے وہ حسب ذیل ہے:

کرایہ آمد و رفت از سیالکوٹ تا قادیان دارالامان 5 روپے، خرچ متفرق دارالامان 3 اور نذرانہ حضرت اقدس ایک روپیہ۔ کل 9 روپیہ ہوتے ہیں، میں یہ مبلغ 9 روپیہ کی رقم سید حامد شاہ صاحب سیکرٹری انجمن احمدیہ ضلع سیالکوٹ کی معرفت بخدمت جناب محاسب صاحب صدر انجمن احمدیہ قادیان بھیج دوں گا جس فنڈ میں مناسب ہو شامل کر لئے جاویں۔ ممکن ہے کہ میری اس تحریر سے بعض وہ احباب جو میری طرح کسی باعث سے حاضری اور شمولیت جلسہ سے بےنصیب رہ جاویں، وہ اسی طرح وہ رقم جو کہ ان کی جلسہ میں شامل ہونے کے باعث خرچ ہوتی ہو، دارالامان بھیج کر مستحق ثواب ہو جاویں اور اس نیک تحریک سے اللہ تعالیٰ میرے لئے کوئی راہ شمولیت جلسہ کی کھول دیوے، آمین۔‘‘

(بدر 19 نومبر 1908ء صفحہ 2 کالم 1)

حضرت اقدس مسیح موعود اور خلافت کے ساتھ نہایت محبت وعقیدت کے تعلق کی وجہ سے قادیان کے حالات جاننے کے مشتاق رہتے تھے چنانچہ اسی عشق و اشتیاق میں ایک مرتبہ آپ نے ایڈیٹر اخبار بدر کو لکھا:

’’مجھے سب اخباروں سے یہ زیادہ پیارا اخبار ہے۔ میں بارہ اخباروں کا خریدار ہوں لیکن جس دن بدر کے آنے کا دن ہوتا ہے اُس دن اور ہی خوشی اور چین ہوتا ہے۔‘‘

(بدر 5 جنوری 1911ء صفحہ 2 کالم 3)

آپ نے 2 نومبر 1916ء کو 51 سال کی عمر میں وفات پائی، کبوتراں والی (بیت) میں نماز جنازہ ادا کی گئی اور امام صاحب قبرستان سیالکوٹ میں بطرف شمال مغرب دفن کئے گئے۔ آپ کی وفات پر اخبار الفضل نے لکھا:

’’چودھری مولا بخش صاحب بھٹی سیالکوٹی جو ایک عرصہ سے بیمار تھے، 2 نومبر 1916ء جمعرات و جمعہ کی درمیانی رات کو...... فوت ہو گئے۔ مرحوم بڑے مخلص اور سلسلہ کی اشاعت کے لیے اپنے سینہ میں بیتاب دل رکھنے والے تھے۔ تھوڑا ہی عرصہ ہوا آپ نے صرف کثیر سے ’’منارۃ المسیح‘‘ کا کتبہ بنوا کر بھیجا تھا جو منارۃ المسیح پر لگ چکا ہے اور آپ کی یادگار کے طور پر ہمیشہ کے لیے موجود رہے گا۔ ہماری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ مرحوم کو اپنی آغوش رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ہمیں اس حادثہ میں آپ کے خاندان سے دلی ہمدردی ہے۔ احباب اپنے اس مخلص بھائی کا جنازہ غائب پڑھیں اور خاص طور پر دعائے مغفرت کریں۔‘‘

(الفضل 11 نومبر 1916ء صفحہ 2 کالم 1)

آپ کی اہلیہ حضرت رمضان بی بی صاحبہ بھی رفقاء میں سے تھیں۔ آپ کی اکلوتی اولاد حضرت ڈاکٹر شاہ نواز خان صاحب تھے جنہیں سلسلہ احمدیہ کی عظیم خدمت کی توفیق ملی۔ آپ کے پڑپوتے مکرم ڈاکٹر فرید احمد صاحب نے http://shahnawazkhan.weebly.com/ کے نام سے ویب سائٹ بنائی ہے جس پر نایاب اور تاریخی مواد جمع کیا ہے۔

حضرت ڈاکٹر الٰہی بخش صاحب

ضلع مونگھیر، بہار (انڈیا)

آپ کا نام الٰہی بخش۔ والد کا نام پیغمبر بخش اور والدہ کا نام قصیدہ بی بی تھا۔ آپ کا ددھیال موضع استھانواں ضلع مونگھیر بہار اور ننھیال موضع آڑھا ضلع مونگھیر بہار میں تھا۔ ابتدائی تعلیم کے بعد میڈیکل کی تعلیم حاصل کی، آپ کی سروس کی ابتداء راولپنڈی سے ہوئی جہاں آپ ڈسپنسری کے انچارج تھے پھر کہوٹہ تبدیلی ہوئی اور وہاں کافی عرصہ تک رہے، 1892ء کے اوائل میں آپ کو چترال جانے کا حکم ہوا، وہاں آپ کا کام اور خلوص دیکھ کر مہتر آف چترال خوش ہوا (نوٹ: چترال میں مہتر کا لفظ نواب کی جگہ استعمال ہوتا ہے) اور آپ کی عزت افزائی فرمائی یہاں تک کہ اپنی ایک قریبی رشتہ دار لڑکی کا رشتہ آپ کے ساتھ کر دیا۔ چترال سے واپسی پر پھر کہوٹہ ضلع راولپنڈی میں پوسٹنگ ہوئی۔

چترال جانے سے قبل لیکھرام کے متعلق پیشگوئی سے آگاہ ہو چکے تھے چنانچہ وہاں سے واپسی پر جب پیشگوئی کے پورے ہونے کا علم ہوا تو اپنے بیٹے حضرت ملک عبدالعزیز صاحب کے ساتھ بیعت کر لی۔ (رجسٹر روایات رفقاء نمبر 14 صفحہ 253) اخبار البدر 26 جون 1903ء صفحہ 184 پر باپ بیٹا دونوں کی بیعت کا اندراج موجود ہے۔ بیعت کے بعد اپنے گاؤں آڑھا تشریف لائے اور باقی گھر والوں کی بیعت کا خط لکھ دیا۔ دن بدن آپ کا اخلاص اور روحانیت ترقی کرتی گئی، آپ سلسلہ کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے لگے اور جماعتی ضروریات کو اپنی سعی کے مطابق پورا کرتے۔

1910ء میں سب اسسٹنٹ سرجن کے عہدے سے ریٹائر ہوئے، پنشن لینے کے بعد قادیان چلے آئے، محلہ دارالعلوم میں سکونت اختیار کی اور شفاخانہ دارالعلوم کے انچارج مقرر ہوئے۔ نومبر 1910ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول گھوڑے پر سے گر پڑے اور آپ کی پیشانی پر شدید چوٹیں آئیں، حضور کی اس حالت میں دیگر ڈاکٹران کے علاوہ حضرت ڈاکٹر الٰہی بخش صاحب کو بھی عظیم خدمت کی توفیق ملی، اخبار بدر میں حضور کی صحت کے متعلق آپ کی رپورٹ باقاعدگی سے چھپتی رہی، غرض یہ کہ حضور کی اس حالت میں آپ کو حضور کے بہت ہی قریب رہنے کا موقع ملا، آخری عمر میں حضور نے ایک موقع پر اپنی اس بیماری کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

’’جب میں بہت بیمار ہو گیا تھا تو ان ایام میں ہمارے ڈاکٹروں نے میری بڑی خدمت کی۔ ڈاکٹر الٰہی بخش صاحب رات کو بھی دباتے رہتے انہوں نے بہت ہی خدمت کی میرا رونگٹا رونگٹا ان کا احسان مند ہے‘‘۔

(اخبار بدر 11 دسمبر 1913ء صفحہ 2)

حضور نے ارشاد فرمایا کہ آپ ایک وقت کا کھانا روزانہ میرے ساتھ کھایا کریں چنانچہ شب کے درس کے بعد والے کھانے میں آپ شریک طعام ہونے کی سعادت پاتے۔ آپ نے 9 فروری 1916ء بعارضہ نمونیا و فالج وفات پائی، حضرت سید سرور شاہ صاحب نے جنازہ پڑھایا اور بوجہ موصی ہونے کے بہشتی مقبرہ قادیان قطعہ نمبر 3 میں دفن ہوئے۔ آپ کی وفات پر اخبار الفضل نے لکھا:

’’ڈاکٹر الٰہی بخش صاحب سب اسسٹنٹ سرجن جو ہائی بورڈنگ کی ڈسپنسری میں کام کیا کرتے تھے شب درمیان 9,10 فروری کو 3 بجے سحری کے وقت بعارضہ نمونیا و فالج فوت ہو گئے۔ ڈاکٹر صاحب مرحوم خوب آدمی تھے۔ صالح، غریب پرور، صاف گو، نماز باجماعت کے نہایت پابند، دارالعلوم میں رہتے مگر میں نے سخت سے سخت جاڑے میں ہمیشہ انہیں نداء فجر سے پہلے (بیت) مبارک میں موجود دیکھا ہے۔ حضرت خلیفہ اول کی جو خدمت ایامِ بیماری میں انہوں نے کی کہ اکثر رات کا حصہ وہ جاگتے گزار دیتے اور پھر ادنیٰ سے ادنیٰ خدمت بجا لانے کو موجب فخر سمجھتے وہ بھی مقیمانِ قادیان کو معلوم ہے۔ قیام خلافت ثانی کے دن اور اس کے بعد ان کے لیے بہت امتحان کا وقت تھا کیونکہ مولوی محمد علی صاحب سے رشتہ داری بھی تھی اور احسانات کے علاوہ باہم تعلقات بھی گہرے تھے مگر ڈاکٹر صاحب بالکل ان سے الگ ہو گئے اور جب کبھی مجھے ملے ان پیغام والوں کے حال پر رنج اور غضب ظاہر کیا۔ ڈاکٹر صاحب کی عمر غالباً 72 سال تھی مگر بال ابھی زیادہ تر سیاہ تھے آپ کی اولاد بہت سی ہے......‘‘

(الفضل 12 فروری 1916ء صفحہ 1)

آپ کی اولاد بفضلہ تعالیٰ دنیا میں پھیلی ہوئی ہے اور احمدیت کے ساتھ مخلصانہ طور پر وابستہ ہے۔

حضرت خلیفہ رجب دین

صاحب لاہور

حضرت خلیفہ رجب دین صاحب لاہور کے رہنے والے تھے اور جناب خواجہ کمال الدین صاحب کے سسر تھے۔ آپ کی بیعت کا علم نہیں کہ کس سال کی لیکن آپ 1892ء کے جلسہ سالانہ قادیان میں شامل تھے۔ حضرت اقدس نے رقم فرمودہ اپنے 313 کبار رفقاء میں نیز اپنی بعض پیشگوئیوں کے گواہان میں آپ کا نام شامل فرمایا ہے۔ اخبارات میں بھی حضرت اقدس کی خدمت میں آپ کی حاضری اور سوالات پوچھنے کا ذکر موجود ہے، 8 مئی 1904ء کی ڈائری کے تحت لکھا ہے:

’’ہمارے مکرم خلیفہ رجب الدین صاحب تاجر برنج لاہور بھی شرف نیاز کے لیے آئے ہوئے تھے، خلیفہ صاحب ایک روشن خیال اور ذی فہم آدمی ہیں، وہ لاہور کے حالات کا ذکر کرتے رہے‘‘۔

آپ نے 30۔ اپریل اور یکم مئی 1916ء کی درمیانی شب کو وفات پائی۔ (پیغام صلح 21 مئی 1916ء صفحہ 1) اخبار الفضل نے بھی 9 مئی 1916ء کے اخبار میں آپ کی خبر وفات دی۔

حضرت حکیم الطاف حسین

صاحب۔ بلب گڑھ (انڈیا)

حضرت حکیم الطاف حسین صاحب ولد حضرت حکیم سرفراز حسین صاحب بلب گڑھ ضلع فرید آباد (نزد دہلی) کے رہنے والے تھے۔ آپ کے خاندان میں سب سے پہلے آپ کے بھائی حضرت حکیم محمد حسین صاحب (وفات: نومبر 1926ء) نے بیعت کی توفیق پائی، بعد ازاں خاندان کے دیگر افراد نے بھی بیعت کر لی۔ 1908ء میں پنجاب کے فنانشل کمشنر قادیان تشریف لائے، اس موقع پر جن احباب جماعت نے ان کا استقبال کیا ان میں حضرت حکیم الطاف حسین صاحب اور ان کے بھائی حضرت حکیم محمد حسین صاحب دونوں شامل تھے۔

(بدر 26 مارچ 1908ء صفحہ 2 کالم 3)

آپ نے 1916ء میں وفات پائی، خبر وفات دیتے ہوئے آپ کے بھتیجے حکیم انوار حسین صاحب نے لکھا: ’’میرے چچا الطاف حسین اور ان کی دختر اور فرزند کا انتقال ہو گیا ہے۔‘‘

(الفضل یکم جولائی 1916ء صفحہ 6 کالم 1)

بقیہ از صفحہ 5: مکرم ثاقب زیروی صاحب

خریدی۔

پاکستان بننے سے قبل وہ تحریک پاکستان کے مجاہد تھے اور ان کے بہت سے عزیز تقسیم کے وقت شہید ہوئے۔ 1952ء میں لاہور کی صحافت پر ایک ایک نئے روشن ستارے کی طرح طلوع ہوئے اور آدھی صدی تک لوگوں کے دلوں میں اپنی نثر اور شاعری سے جگمگاتے رہے۔ آخر شہاب ثاقب بن کر ٹوٹے، فضا میں روشنی بکھیرتے ہوئے اپنی حسین یادیں چھوڑ کر اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ ان کے قلم میں جادو تھا۔ دوست نواز، عظیم شاعر، باکمال صحافی، ہنس مکھ ساتھی، غمگسار رفیق، بہترین استاد دوست تھے۔

غزالاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دوانہ مر گیا آخر کو ویرانے پہ کیا گزری

مکرم ثاقب زیروی صاحب کا تعارف

ایک درویش صفت شاعر۔ ایک کامیاب صحافی

مکرم ثاقب زیروی صاحب کا نام محمد صدیق ولد حکیم مولوی اللہ بخش قوم راجپوت وطن زیرہ ضلع فیروز پور (بھارت) تاریخ پیدائش 11/اپریل 1919ء تاریخ وفات 13 جنوری 2002ء بمقام لاہور۔

قدرت نے ادبی وصف کا بیج روزِ اول سے ڈال دیا تھا آنرزان اردو 1947ء میں اور بی اے 1950ء میں پنجاب یونیورسٹی سے کیا۔ ’’گنجینہ اردو‘‘ کے نائب مدیر بھی رہے جبکہ مدیر احسان دانش تھے۔ پھر اپنے مرشد کے کہنے کے مطابق مولانا عبدالمجید سالک اور مولانا غلام رسول مہر جیسے کہنہ مشق صحافیوں سے تربیت حاصل کی۔

کتب۔ ہندوستان کی مٹی (افسانہ)۔ کاربنکل کی تشخیص۔ پنجابی میری زبان۔ دور خسروی۔ شہاب ثاقب۔ نوید منزل۔ آہنگ حجاز (مجموعہ نعت رسول ﷺ ہے)

ثاقب کی تربیت مذہبی ماحول میں ہوئی اس کی طبیعت میں شرافت، سعادت، شرم اور دیانت فکر و عمل کی بنیادیں گہری ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں نو جوانی اور جوانی کے دونوں زمانوں میں کبھی بے راہ روی یا فکری آوارگی کا شکار نہیں ہونا پڑا اور وہ ہمیشہ بندھے ٹکے اسلوب زندگی پر کاربند رہے ہیں۔ چنانچہ ان کی شاعری کو دیکھئے فکر میں جدت تو ہے ابتذال نہیں دین اور حمیت دین تو ہے ملائیت نہیں۔ عشق تو ہے لیکن فسق کا شائبہ تک نہیں، غریبوں کی مصیبتوں پر آنسو ہیں۔ موجودہ نظام عدم مساوات کے خلاف طیش ہے۔ لیکن کمیونزم نہیں۔ یہی اعتدال کا رستہ اور یہی صراط مستقیم ہے۔

خوش گلو، سرو قامت، مقطع داڑھی، شیروانی پوش، ثاقب زیروی دلکش شخصیت کے مالک تھے۔ اعلیٰ مشاعروں میں جہاں چیدہ لوگوں کا اجتماع ہو ثاقب زیروی اپنی انفرادیت برقرار رکھتے تھے۔ وہ زندگی کے کسی بھی معاملے میں انتہا پسند نہیں تھے۔ وہ ہر اعتبار سے میانہ رو، سلامتی پسند اور غیر حاسد قسم کے آدمی تھے۔ ان کی یہی خصوصیت انہیں حلقہ احباب میں مقبول بنائے رکھتی تھی۔

ثاقب زیروی کا شاعر ہونا اور اس حد تک دھانسو شاعر ہونا تاریخ ادب کا ایک عجیب وغریب واقعہ ہے۔ عنفوان شباب میں ثاقب سب انسپکٹر تھے۔ لیکن کون جانتا تھا کہ یہی سب انسپکٹر شاعری کی دنیا میں مقبول خاص و عام ہو جائے گا۔

میاں محمد شفیع کہتے ہیں کہ ثاقب زیروی انجمن حمایت اسلام کے ایک جلسے میں موجود تھے جب ان سے شعر سنانے کی فرمائش کی گئی تو اپنے اشعار اور گداز ترنم کے بل پر پورے جلسہ پر چھا گئے اور اس دن سے ثاقب زیروی کے سامنے ایک اعلیٰ ادبی مستقبل اُجاگر ہو گیا۔ خلوص اظہار، سوز و گداز اور خیال و اسلوب کی ہم آہنگی ثاقب زیروی کی شاعری کا طرہ امتیاز ہے۔ خاص طور پر ان کی نعتیں حضوری قلب کا بہترین اظہار ہوتی ہیں۔ اور اس مرحلہ پر اردو کے بہت شعراء ان کی برابری کرتے ہیں۔ اس کی وجہ غالبًا یہ ہے کہ ثاقب زیروی طبیعت اور فکر کے اعتبار سے مذہب پرست ہیں اور وہ نعتیں خانہ پُری کے لئے نہیں لکھتے بلکہ احتیاج طبیعت اور طبعی رجحان کے ماتحت لکھتے ہیں اور یوں ان میں صداقت، خلوص اور جذبہ کا رچاؤ بھرپور انداز میں موجزن ہوتا ہے۔

تو حبیب رب جلیل ہے تیری عظمتوں کا جواب کیا
تو مقام فخر خلیل ہے تیری حُرمتوں کا حساب کیا

کہاں تو کہ باعث کُن مکاں کہاں فکر ثاقب خستہ جاں
بھلا مدحت شہ انس و جاں کرے مجھ سا خانہ خراب کیا

اس ایک نعت سے ہی ثاقب زیروی کے وفور جذبات اور عشق رسول کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ ثاقب کے ہاں اسی قدر و نوعیت کی اور بھی کئی نعتیں بھی ملتی ہیں۔

ثاقب زیروی شعر و سخن کی عظیم رفعتوں پر فائز تھے اور خصوصاً نعت رسول ؐ کے بارے میں اپنے عاشقانہ رنگ، جذبہ فدائیت، جدت استعارات، لطافت تخیل، تشبیہ کی خوبی، مضامین کی جامعیت، اور والہانہ انداز بیان میں آپ کا کلام اپنی نظیر آپ ہے۔ نعت گوئی کے وصف میں یکتائے روزگار تھے، عشق محمد ﷺ آپ کا سرمایہ حیات تھا۔ یہی وجہ ہے کہ شمع حُب نبوی ؐ آپ کے دل و دماغ میں پوری آب و تاب سے روشن تھی۔ ثاقب زیروی کی نظمیں موضوع کے اعتبار سے متفرق اور متنوع ہوتی ہیں لیکن اس میدان میں ان کا جذبہ حُب الوطنی کے گرد گھومتا ہے۔ صبح دیانت، وطن، یاددہانی اور مجاہد وغیرہ یہ تمام نظمیں ملکی حالات کے متعلق ہیں۔ المختصر ثاقب کی شاعری پاکیزہ باسلیقہ اور سلامت رو ہونے کے ساتھ ساتھ غنایت کی بھی حامل ہے۔ ان کی شاعری ایک اعلیٰ کلچرڈ کی طبیعت کی عکاسی کرتی ہے یہی وجہ ہے کہ ان کے اشعار میں تاثر کا عنصر بدرجہ کمال پایا جاتا ہے اور ہر سامع ان کے اشعار سے محظوظ ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

ثاقب زیروی جیسی شخصیت پر لکھنا اس لئے بھی دشوار ہے کہ بقول ثاقب صاحب کہ ’’ہم جو تھے وہ نہیں رہے جو بننا چاہتے تھے وہ بن نہیں پائے‘‘ ایسی شخصیت جس نے برصغیر کی ریاستوں کے عروج و زوال اور عزت دار گھرانوں کو گردش لیل ونہار کے باعث گم نام ہوتے دیکھا ہو۔ جس نے خاندانی خون کے علی الرغم قول وفعل کے تضاد کو دیکھا اور اپنے جذبات کو اشعار میں قلم بند کیا۔ ایسے شخص کے متعلق لکھنا اس لئے مشکل ہے کہ جس نے اپنی سیاسی بصیرت کو ہمیشہ فطرتی و کائناتی حقائق کے دائرہ سے باہر نہیں نکلنے دیا۔ جس نے اعتدال کے ساتھ ساتھ محبت و بھائی چارے کے وسیع کینوس پر اپنے نقش محبت کو اپنے عمل سے ثبت کیا۔ جسے قدرت نے وصف عطا کیا کہ ’’کسی کی تحریر کے چند فقرے اور گفتگو کے چند مکالمے اس کے معیار وفا کے نقش بن کر ثاقب صاحب کے ذہن میں اُجاگر ہو جاتے تھے اور اس نقش کے مطابق ثاقب صاحب نے جس سے جو بھی تعلق قائم کیا اس کو ہمیشہ اس پر نازر رہا‘‘ یہ محض ان کے خالق و مالک کا فضل تھا جس نے الفاظ کی پہچان اور ان کے اوزان کی صلاحیت انہیں ودیعت کی۔ اسی کے فیض نے ہمیں ایک اچھا مصنف، اچھا شاعر و ادیب عطا کیا اس کے علاوہ ایک انسان دوست دیا جو بے غرض اطاعت اور بے پایاں محبت کا مجسمہ ثاقب زیروی کی شکل میں دیا۔ جس نے ہمیشہ اپنی تحریر لکھتے وقت ان باتوں کو مدنظر رکھا کہ ’’اس فقرے کے ملکی حدود میں کیا معنی کئے جاسکتے ہیں اور ملکی حدود سے باہر کیا؟ میرے دین کے لئے کیا مفہوم رکھتا ہے اور بعد میں میری قوم پر کیا اثر چھوڑے گا ایسی مستند تحریر لکھنے والی شخصیت پر لکھنا کچھ آسان نہیں‘‘۔

